# میپکو میگ ملتان



- کمپنی میں کارپوریٹ کلچر کے فروغ کیلئے تمام تر اقدامات کو بروئے کار لایا جا رہا ہے

- صارفین کو بہتر وولٹیج کی فراہمی کیلئے گرڈ اسٹیشنز اور ٹرانسمشن لائنز کے 27 منصوبے مکمل

وزیراعظم پاکستان کا ڈیجیٹل پاکستان ویژن
میپکو صارفین کی سہولت کے پیش نظر نئے
کنکشنز کی درخواستیں آن لائن کر دی گئیں

چیف ایگزیکٹو
انجینئر اکرام الحق

MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

میپکو۔۔۔ خدمت و ترقی قدم بہ قدم

شعبہ تعلقات عامہ میپکو ہیڈکوارٹر ملتان

# میپکو میگ ملتان

MEPCO ENLIGHTENING LIVES

جلد نمبر 12 شمارہ 02 مارچ 2021ء کل صفحات 20





سرپرست اعلیٰ:
انجینئر اکرام الحق
چیف ایگزیکٹو آفیسر





مدیر اعلیٰ:
نصر حیات میکن
ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو





طاہر محمود شیخ
ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز میپکو


## اس شمارے میں


وفاقی وزیر برائے توانائی عمر ایوب خان کا کاسا 1000 منصوبے کا افتتاح
تعارف جناب انجینئر اکرام الحق چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو ....... 03
یو۔ایس۔ایڈ (SEP) کے زیرِ اہتمام ................ 04
ایوارڈ تقریب ................ 05
میپکو ریجن میں نئے کنکشنز کے حصول کیلئے درخواستیں آن لائن کر دی گئیں
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو کی آن لائن کچہری ................ 06
واپڈا ہسپتال ملتان کو دو نئی ایمبولینسز کی حوالگی کی تقریب
کارپوریٹ کلچر کا فروغ ................ 07
جنرل منیجر کسٹمر سروسز عرفان میمن کی ریٹائرمنٹ تقریب ......... 08
چیف ایگزیکٹو کا دورہ وہاڑی سرکل
کرونا وائرس سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر اپنانے کیلئے ہدایات ...... 09
صارفین کو بہتر وولٹیج کی فراہمی کیلئے گرڈ اسٹیشنز کے 27 منصوبے مکمل
ایڈیشنل چیف انجینئر میپکو ماڈل ٹاؤن ڈویژن بہاولپور کا دورہ ..... 10
جی ایم آپریشن میپکو کا خانیوال سرکل کا دورہ
چیف انجینئر او اینڈ ایم کا میپکو مظفر گڑھ سرکل کا دورہ ........... 11
ٹاسک فورسز کی بجلی چوری کے خلاف بھرپور کارروائیاں ........... 12
ڈی جی کمرشل میپکو کا بہاولپور سرکل میپکو کا دورہ
روڈ سیفٹی سے متعلق تربیت کا آغاز ................ 13
پراگریس ریکوری رپورٹ
فیلڈ میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ ................ 14
ایس ای میپکو ملتان سرکل کا انجمن تاجران کے وفد سے ملاقات
سیفٹی سیمینار ................ 15
کفالت گرانٹ میں اضافہ، 4 آسامیوں کا قیام ............ 16
بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے
افسران کے اعزاز میں تقریب ................ 17
ترقی/تعیناتی ................ 18
محکمانہ سزائیں ................ 19


## عرضِ مدیر

وزارت توانائی کی خصوصی ہدایات پر میپکو ریجن سے بجلی چوری جیسے قبیح جرم کے خاتمے کو چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر اکرام الحق نے اپنی اولین ترجیح قرار دیا ہے انہوں نے ریجن بھر کے آپریشن سٹاف کو بجلی چوروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیوں کے احکامات جاری کیے ہیں انہوں نے صارفین سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ اس مکروہ جرم کو روکنے میں اپنا کردار ادا کریں میپکو کا بھرپور ساتھ دیں۔اپنے گرد و پیش پر نظر رکھیں اور جو لوگ بجلی چوری میں ملوث ہوں ان کی اطلاع میپکو حکام کو دیں اطلاع دینے والے کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔تا کہ میپکو جیسا قومی ادارہ ترقی کی راہ پر گامزن رہے اور صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔عوام الناس کے تعاون سے ہی میپکو ریجن سے اس لعنت کا خاتمہ ممکن ہے۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کی ٹاسک فورسز نے سال 2021ء کے اڑھائی ماہ کے دوران ریجن بھر میں 6ہزار 191 بجلی چور پکڑ لئے۔75لاکھ 57 ہزار یونٹس چوری کرنے پر 11 کروڑ روپے جرمانہ عائد۔842 مقدمات درج کروا دیئے گئے۔چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق کی زیرِ نگرانی آپریشن سرکلوں میں 801 گھریلو صارفین کے خلاف مقدمات درج کروائے گئے۔188 تجارتی صارفین کو 2لاکھ 21 ہزار یونٹس چوری کرنے پر 51لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا اور 22 تاجروں کے خلاف مقدمات درج کروائے۔58 صنعتی صارفین کو ایک لاکھ 56ہزار یونٹس چوری کرنے پر 31 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا اور 7 بجلی چوروں کے خلاف ایف آئی آرز درج کروائیں۔89 زرعی کاشتکاروں کو 9لاکھ 29ہزار یونٹس بجلی چوری کرنے پر 96لاکھ روپے جرمانہ عائد کر کے 10 مقدمات درج کروائے گئے جبکہ 19 دیگر کیٹگریز کے صارفین کو 30ہزار یونٹس بجلی چوری کرنے پر 5لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا اور ایک مقدمہ درج کروایا گیا۔


فوٹو گرافی۔۔۔۔۔۔۔جواد احمد معاون/کمپوزنگ۔۔۔۔محمد وسیم ہاشمی
ویب ایڈیشن۔۔۔۔خرم جاوید ڈیزائننگ/پرنٹنگ۔۔۔۔۔نوید اکمل (RN گرافکس)
شعبہ تعلقاتِ عامہ ملتان الیکٹرک پاور کمپنی خانیوال روڈ سے شائع کیا گیا



www.mepco.com.pk
061 - 9220255
061 - 9220062
MEPCO TODAY
For Feedback
dmprmepco@gmail.com

# کاسا1000منصوبہ: نوشہرہ تک بجلی ترسیلی لائن بچھانے کا افتتاح



**وفاقی وزیر توانائی عمر ایوب خان** وزیر توانائی، آئی ڈی بی کے سربراہ نے مشترکہ افتتاح کیا، علاقائی مارکیٹ بنانے میں مدد ملے گی،

1270کلومیٹر ترسیلی لائن کرغزستان سے تاجکستان، افغانستان کے راستے پاکستان پہنچے گی، بندر بن حاجر

وفاقی وزیر توانائی عمر ایوب خان اور اسلامی ترقیاتی بینک کے سربراہ ڈاکٹر بندر حاجر نے بجلی کی ترسیلی لائن کی تعمیر کا افتتاح کیا، یہ ترسیلی لائن کاسا 1000 منصوبے کے تحت افغان بارڈر سے نوشہرہ تک تعمیر کی جائے گی۔ اس موقع پر سیکرٹری پاور علی رضا بھٹہ اور پاور ڈویژن کے سینئر حکام نے بھی شرکت کی۔



عمر ایوب خان نے اس منصوبہ کے ممبر ممالک کے ساتھ قرضہ دینے والے شراکت داروں کی کوششوں کو سراہا۔ کاسا 1000 منصوبے کے تحت کرغزستان سے پاکستان تک بجلی کی علاقائی مارکیٹ بنانے میں مدد ملے گی۔ وفاقی وزیر نے بتایا حکومت پاکستان مقامی طور پر متبادل ذرائع سے بجلی سے پیدا کرنے پر بھی توجہ دے رہی ہے اور 2025 تک متبادل ذرائع سے 25 فیصد بجلی پیدا کی جائے گی جبکہ 2030 تک اس کو بڑھا کر 30 فیصد کر دیا جائے گا، پن بجلی سے بجلی کی پیداوار بھی بڑھا کر 40 فیصد کر دی جائے گی۔ اسلامی ترقیاتی بینک کے صدر نے اس موقع پر کہا کاسا 1000 منصوبہ 1270 کلو میٹر ترسیلی لائن پر مشتمل ہوگا جو کہ کرغزستان، تاجکستان اور افغانستان سے ہوتی ہوئی پاکستان تک پہنچے گی، اس کیلئے عالمی بینک، یورپین سرمایہ کاری بینک، یورپی بینک برائے ترقیاتی و بحالی، یوکے ایڈ اور یو ایس ایڈ مشترکہ طور پر 1.17 ارب ڈالر دیں گے۔

# میپکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر اکرام الحق نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا



چیف ایگزیکٹو آفیسر
انجینئر اکرام الحق

آپ کا شمار پاور سیکٹر کے انتہائی قابل، محنتی اور دیانتدار افسران میں ہوتا ہے

آپ نے میپکو میں مختلف عہدوں پر طویل عرصہ خدمات سرانجام دی ہیں

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر اکرام الحق نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے۔ آپ کا شمار پاور سیکٹر کے انتہائی قابل، محنتی اور دیانتدار افسران میں ہوتا ہے۔ آپ نے ماضی میں میپکو میں طویل عرصہ خدمات سرانجام دی ہیں۔ آپ نے 22 جون 1987ء کو لاہور سے بحیثیت اسسٹنٹ منیجر پلاننگ سروس کا آغاز کیا۔ 1997ء میں اسسٹنٹ منیجر مینٹی نینس ساہیوال کے فرائض سرانجام دیئے۔ 2003ء میں ایگزیکٹو انجینئر کے عہدے پر ترقی پا کر واپڈا ہاؤس لاہور تعینات ہوئے۔ انجینئر اکرام الحق 2003 تا 2007ء ایکسین ایس ایس اینڈ ٹی ڈویژن ملتان اور وہاڑی فرائض سرانجام دیتے رہے۔ 2016ء میں منیجر کے عہدے پر ترقی پا کر منیجر جی ایس او سرکل ساہیوال تعینات ہوئے اور 2019ء میں چیف انجینئر کے عہدے پر پروموٹ ہو کر واپڈا انجینئرنگ اکیڈمی فیصل آباد میں پوسٹنگ ہوئی۔ 2020ء میں جنرل منیجر کے عہدے پر ترقی پا کر جنرل منیجر (ایس اینڈ آئی) پیپکو لاہور تعینات ہوئے۔ وزارت توانائی نے انجینئر اکرام الحق کو چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو تعینات کیا جنہوں نے 15 جنوری 2021ء کو اپنے فرائض سنبھال لئے۔

# یو ایس ایڈ USAID کے تعاون سے میپکو کے مختلف شعبہ جات میں بہتری لانے کیلئے یو ایس ایڈ اور امریکی حکومت کے مشکور ہیں، چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق

میپکو افسران وملازمین کی تقسیمی سسٹم کو بہتر بنانے کیلئے شبانہ روز محنت لائق تحسین ہے۔ چیف آف پارٹی (یو۔ایس۔ایڈ (SEP) اینڈرے لارکی (Andre Larocque) (SEP) پروگرام کی تکمیل آئندہ ایک ماہ میں ہوجائے گی۔ مزید چار سالہ پروگرام بھی شروع کیا جائے گا۔ سینئر ڈسٹری بیوشن اینڈ کمرشلائزیشن ایڈوائزر (SEP) پروگرام محمد شفیق الرحمٰن

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے کہا ہے کہ یو ایس ایڈ کے تعاون سے میپکو ریجن میں 42 ہزار سے زائد سمارٹ میٹر زیادہ کھپت کے حامل مختلف صنعتی، زرعی، کمرشل اور گھریلو کنکشنز پر لگائے گئے ہیں جبکہ سٹیٹ آف دی آرٹ کسٹمر سروسز کا قیام، ٹیکنیکل لاسز میں کمی کے لیے 45 ہزار سے زائد ٹیوب ویل کنکشنز پر کیپسٹر لگائے گئے ہیں۔ افسران اور سٹاف کی استعداد کار بڑھانے کے لیے ٹریننگ پروگرام منعقد کئے گئے ہیں وہ یو ایس ایڈ سسٹین ایبل انرجی آف پاکستان (SEP) پراجیکٹ کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ یو ایس ایڈ کے تعاون سے میپکو کو لائن لاسز میں کمی، ریونیو میں



ملتان: چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق، چیف آف پارٹی یو ایس ایڈ اینڈرے لارکی (Andre Larocque)، سینئر ایڈوائزر یو ایس ایڈ محمد شفیق الرحمٰن اور جنرل منیجر ٹیکنیکل میپکو شفیق الحسن یو ایس ایڈ سسٹین ایبل انرجی آف پاکستان پراجیکٹ کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اضافہ، استعداد کار میں اضافہ اور صارفین کو بہترین سروسز ملی ہیں اس تعاون پر امریکی حکومت اور یو ایس ایڈ کے مشکور ہیں۔ قبل ازیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف آف پارٹی یو ایس ایڈ (SEP) اینڈرے لارکی (Andre Larocque) نے کہا کہ یو ایس ایڈ 2012ء سے پاکستان کے پاور سیکٹر میں بہتری لانے کے لئے کارفرما ہے اور میپکو کے مختلف شعبہ جات کی کارکردگی میں بہتری لانے اور نیٹ ورک کو مثالی بنانے کے لیے پاور ڈسٹری بیوشن پروگرام اور SEP پروگرام کے ذریعے تعاون کر رہا ہے۔ میپکو 70 لاکھ صارفین پر مشتمل سب سے بڑے نیٹ ورک کی حامل ڈسٹری بیوشن کمپنی ہے۔ کورونا کی وجہ سے حائل رکاوٹوں اور مشکلات کے باوجود میپکو افسران اور ملازمین نے تقسیمی سسٹم کو بہتر بنانے کے لئے شبانہ روز محنت کی ہے جس پر وہ لائقِ تحسین ہیں۔ میپکو کی اعلیٰ قیادت کی کاوشیں بھی مثالی ہیں۔ میپکو میں جغرافک انفارمیشن سسٹم، سمارٹ میٹرز/کپیسٹرز کی تنصیب، میٹر ریڈنگ اور بلنگ سسٹم کو جدید آلات کی مدد سے بہتر بنانے، ای آر پی سسٹم کے نفاذ اور افسران وملازمین کی جدید خطوط پر ٹریننگ اور لائن سٹاف کو معیاری سیفٹی آلات کی فراہمی جیسے کاموں کے لیے یو ایس ایڈ کی طرف سے تعاون فراہم کیا گیا اور یہ سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔ اس موقع پر یو ایس ایڈ (SEP) پروگرام کے سینئر ڈسٹری بیوشن اینڈ کمرشلائزیشن ایڈوائزر محمد شفیق الرحمٰن نے بھی خطاب کیا اور کہا کہ (SEP) پروگرام کی تکمیل آئندہ ایک ماہ میں ہو رہی ہے۔ اس کے بعد بھی مزید چار سالہ پروگرام شروع کیا جائے گا۔

# محنتی افسران تعریف اور حوصلہ افزائی کے مستحق ہیں

چیف آف پارٹی (یو۔ایس۔ایڈ (SEP) اینڈرے لارکی (Andre Larocque) یوایس ایڈ (SEP) پرگرام کی طرف سے اچھی کارکردگی کے حامل میپکو افسران میں شیلڈز اور تعریفی سرٹیفکیٹس تقسیم چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے میپکو کی طرف سے یوایس ایڈ (SEP) پروگرام کی ٹیم کو یادگار شیلڈز پیش کی گئیں




بہترین کارکردگی پر یوایس ایڈ (SEP) پروگرام کی طرف سے میپکو آفسران میں شیلڈز اور تعریفی سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے۔ان میں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق، جنرل منیجر کسٹمر سروسز میپکو انجینئر احسن محی الدین گیلانی، جنرل منیجر ٹیکنیکل میپکو انجینئر شفیق الحسن، جنرل منیجر آپریشن میپکو طارق محمود بٹر، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (میٹریل مینجمنٹ) میپکو جاوید اقبال، سپرینٹنڈنگ انجینئر آپریشن ملتان سرکل محمد منور خان، سپرینٹنڈنگ انجینئر آپریشن خانیوال سرکل محمد سعید، ڈائریکٹر پروکیورمنٹ ڈسٹری بیوشن محمد عمران، منیجر (مارکیٹنگ، ٹیرف اینڈ کنٹریکٹ مینجمنٹ) محمد نواز، پرنسپل سٹاف آفیسر میپکو کامران ظہور، ڈپٹی منیجر ایم اینڈ ٹی ملتان سرکل امجد نواز بھٹی، ڈپٹی منیجر ایم اینڈ ٹی خانیوال سرکل محمد صدیق خان، ایکسین آپریشن کینٹ ڈویژن ملتان جاوید اقبال وینس، ایکسین آپریشن سٹی ڈویژن ملتان ساجد حسین، ایکسین آپریشن موسیٰ پاک رانا محمد تنویر، ایکسین آپریشن ممتاز آباد ڈویژن ارشد منیر ڈاہا، ایکسین آپریشن شاہ رکن عالم ڈویژن ملک محمد ساجد، ایکسین آپریشن شجاع آباد ڈویژن طارق محمود ڈار، ایکسین آپریشن میاں چنوں ڈویژن قمر زمان ایکسین آپریشن خانیوال ڈویژن فیاض، ایکسین آپریشن کبیروالا ڈویژن نصراللہ خان ناصر، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل ملتان سرکل غلام رسول سکھیرا، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل خانیوال سرکل مسعود قریشی، ڈپٹی منیجر (اے ایم آئی) قیصر عباس نقوی اور ڈپٹی منیجر ریجنل سٹور ملتان خالد حفیظ شامل ہیں جبکہ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے میپکو کی طرف سے چیف آف پارٹی مسٹر اینڈرے لاروکی (Andre Larocque) ،سینئر ڈسٹری بیوشن اینڈ کمرشلائزیشن ایڈوائزر (SEP) پراجیکٹ محمد شفیق الرحمٰن اور پراجیکٹ منیجر میپکو (SEP) پراجیکٹ غضنفر علی خان کو یادگار شیلڈز پیش کیں۔



ملتان: چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق، چیف آف پارٹی یوایس ایڈ اینڈرے لارکی (Andre Larocque) اور سینئر ایڈوائزر یوایس ایڈ محمد شفیق الرحمٰن یوایس ایڈ سسٹین ایبل انرجی آف پاکستان پراجیکٹ کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب کے اختتام پر میپکو افسران میں شیلڈز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کررہے ہیں

# وزیراعظم کا ڈیجیٹل پاکستان ویژن




## نئے بجلی کنکشن کا آسان حصول دفاتر کے چکروں سے نجات

**میپکو صارفین کی سہولت کے پیشِ نظر نئے کنکشنز کی درخواستیں آن لائن کر دی گئیں**

**چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے تمام آپریشن سب ڈویژنوں میں اسکے نفاذ کے احکامات جاری کر دیئے**

**صارفین کو نئے کنکشنز کے حصول کے لئے دفاتر کے چکر نہیں لگانے پڑیں گے، کنکشنز کا تیزی سے اجراء ہو سکے گا**

**صارفین کو بہترین سروسز کی فراہمی اولین ترجیح ہے، چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق**


وزیراعظم پاکستان کے ویژن ڈیجیٹل پاکستان کے مطابق ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے صارفین کی سہولت کے پیش نئے کنکشنز کی درخواستوں کو آن لائن کر دیا ہے۔ چیف ایگزیکٹو میپکو انجینئر اکرام الحق نے میپکو ریجن کی تمام سب ڈویژنوں میں اس کے نفاذ کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ میپکو آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ نے آن لائن درخواستوں کی وصولی کیلئے خصوصی سافٹ ویئر تیار کیا ہے اور ایک ایپ بھی تیار کی گئی ہے جبکہ آپریشن سٹاف کی ٹریننگ بھی کروائی گئی ہے۔ اب میپکو ریجن کے 13 اضلاع کے نئے صارفین گھریلو، کمرشل اور زرعی/ ٹیوب ویل کے کنکشنز کے لیے گھر بیٹھے میپکو کی ویب سائٹ پر دیئے گئے لنک www.mepco.com.pk/enc.com.pk کے ذریعے اپنی درخواستیں آن لائن جمع کروا سکتے ہیں۔ آن لائن درخواست کی سہولت میسر ہونے کے بعد صارفین کو نئے کنکشن کے حصول کے لئے دفاتر کے چکر نہیں لگانے پڑیں گے۔ صارفین کی سائٹ کے سروے کے دوران عملہ ان سے ضروری دستاویزات کی کاپیاں حاصل کریگا اور درخواست کی منظوری یا مسترد ہونے پر اس کی اطلاع صارف کو دی جائے گی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق کا کہنا ہے کہ صارفین کو بہترین سروسز کی فراہمی ان کی اولین ترجیح ہے کیونکہ صارف کمپنی کا قیمتی اثاثہ اور ریونیو کا باعث ہے۔ نئے کنکشن کے حصول کے لئے آن لائن سسٹم کے نفاذ سے صارفین کے وقت کی بچت ہوگی اور انہیں دفاتر کے چکر نہیں لگانے پڑیں گے اور کنکشنز کا تیزی سے اجراء ہو سکے گا۔ صارفین کسی بھی دشواری، معلومات یا شکایات کی صورت میں میپکو ہیڈکوارٹر کے واٹس ایپ نمبر 0330-6199992 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

# میپکو ریجن کے 13 اضلاع میں صارفینِ بجلی کی شکایات کے فوری ازالے کیلئے آن لائن کچہری کا انعقاد

**وزارت توانائی کی ہدایت: کورونا کے باعث صارفین کو گھر بیٹھے فون کال کے ذریعے شکایات درج کروانے کیلئے سہولت فراہم**

**صارفین کو سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق**

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) ریجن کے 13 اضلاع میں صارفین بجلی کی شکایات کے فوری ازالے کیلئے کوشاں ہے۔ صارفین کو سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ یہ باتیں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے میپکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ آن لائن کھلی کچہری کے موقع پر کہیں۔ انھوں نے کہا کہ وزارت توانائی کی ہدایت پر کورونا کی وجہ سے سماجی فاصلے کو مدنظر رکھتے ہوئے آن لائن کچہری کا انعقاد کیا گیا ہے تاکہ صارفین بجلی شکایات ایک فون کال کے ذریعے گھر بیٹھے حل ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ میپکو کی اولین ترجیح صارفین اور ان کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی ہے اس سلسلے میں مانیٹرنگ سیل کے علاوہ 118 اور ٹول فری نمبر 0800-63726 صارفین بجلی کی شکایات کے ازالے کیلئے ہمہ وقت کام کر رہے ہیں۔ کورونا وائرس کی صورت حال کے باوجود میپکو کے جفاکش کارکن آندھی، طوفان اور بارش کے باوجود فیلڈ/ گرڈز پر بجلی کی فراہمی کیلئے، ریکوری، نئے کنکشنز کے اجراء کیلئے ہسپتالوں، کمرشل اور صنعتی صارفین کو بجلی کی فراہمی کیلئے فرنٹ لائن فورس کے طور پر کھڑے ہیں۔ ای۔ کچہری کے دوران ریجن بھر سے 61 صارفین نے میپکو چیف کو مختلف نوعیت کے مسائل جن میں ٹرانسفارمرز کی اوورلوڈنگ، کھمبوں کی تبدیلی، میٹروں کی تبدیلی، نئے کنکشنز کے اجراء، وولٹیج کی کمی بیشی سے آگاہ کیا جنہیں سُن کر انہوں نے موقع پر ہی ان کے ازالے کے احکامات جاری کئے۔




ملتان: چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق میپکو ہیڈکوارٹر میں منعقدہ ای۔ کچہری میں صارفین کی شکایات سن رہے ہیں

# میپکو افسران اور ملازمین کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے چیف ایگزیکٹو آفیسر اکرام الحق

ہنگامی صورتِ حال میں مریضوں کی نقل وحمل ناگزیر ہے کیونکہ انسانی جان مقدم ہے جدید ترین طبی آلات سے لیس 2 ایمبولنسز کی چابیاں واپڈا اہسپتال ملتان کے سپرد

### جدید ایمبولینسز واپڈا اہسپتال کی سہولیات میں اچھا اضافہ ہیں، ڈاکٹر محمد افضل، ایم ایس واپڈا اہسپتال ملتان

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے کہا ہے کہ میپکو ریجن میں افسران اور ملازمین کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ اس سلسلہ میں جدید ترین طبی آلات سے لیس 2 ایمبولنسز واپڈا اہسپتال ملتان کو دی جارہی ہیں تاکہ ہنگامی صورتحال میں مریضوں کی نقل وحمل سرعت سے ہو سکے۔ انسانی جان مقدم ہے وہ میپکو ہیڈکوارٹر میں انتظامیہ کی طرف سے واپڈا اہسپتال کو دو ایمبولینسز کی چابیاں دیئے جانے کی رسمی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ واپڈا اہسپتال میں میپکو ریجن کے ہزاروں افسران اور ملازمین کو طبی سہولیات بہم پہنچائی جارہی ہیں۔ اسپیشلسٹ ڈاکٹروں کی ٹیم اس سلسلے میں کارفرما ہے۔ شعبہ ٹرانسپورٹ کے ڈائریکٹر فرخ جاوید گھمن نے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو بتایا کہ دونوں ایمبولینس پر ایک کروڑ 80 لاکھ روپے سے زائد لاگت آئی ہے ان میں ای سی جی، آکسیجن اور ضروری ٹیسٹ کرنے کے آلات نصب ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر اکرام الحق نے ایمبولنسز کی چابیاں ایم ایس واپڈا اہسپتال ملتان ڈاکٹر محمد افضل کے حوالے کیں۔ ڈاکٹر محمد افضل نے ایمبولنسز کو ہسپتال کی سہولیات میں اچھا اضافہ قرار دیا۔ اس موقع پر جنرل منیجر ٹیکنیکل شفیق الحسن، ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن نصر حیات میکن، پرنسپل میڈیکل آفیسر واپڈا اہسپتال ڈاکٹر خواجہ محمد زبیر، پتھالوجسٹ ڈاکٹر خلیل الرحمٰن اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نئی ایمبولنسز کی چابیاں ایم ایس واپڈا اہسپتال ملتان ڈاکٹر محمد افضل کے حوالے کر رہے ہیں

# کمپنی میں کارپوریٹ کلچر کے فروغ کیلئے تمام تر اقدامات کو بروئے کار لایا جارہا ہے

### میپکو ملازمین اور افسران صارف دوست رویہ اپنائیں اور اُنہیں آسانی بہم پہنچائیں، چیف ایگزیکٹو اکرام الحق

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے کہا ہے کہ میپکو ملازمین اور افسران صارف دوست رویہ اپنائیں۔ کمپنی میں کارپوریٹ کلچر کے فروغ کیلئے تمام تر اقدامات کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔ لائن لاسز میں کمی اور اور ریکوری میں اضافے کے لئے لیے تمام ملازمین اپنی بہترین صلاحیتوں کو کو استعمال میں لائیں تاکہ کمپنی مزید بہتری کی طرف طرف گامزن ہو سکے۔ انہوں نے یہ باتیں میپکو ہیڈکوارٹر میں ویڈیو لنک کے ذریعے ریجن بھر کے سپریٹنڈنگ انجینئرز اور ایگزیکٹو انجینئرز کے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کہا کہ صارفین کو بہترین کسٹمر سروسز کی فراہمی اور ان کے مسائل کا حل ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس سلسلے میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ صارفین کو نئے کنکشنوں کی بروقت فراہمی ممکن بنانے اور نئے کنکشن کے حصول کا طریقہ کار آسان بنانے کے لئے آن لائن سسٹم بنایا گیا ہے جس میں صارفین گھر بیٹھے اپنے نئے کنکشنوں کی درخواستیں آن لائن کر سکتے ہیں۔ انہوں نے ایس ایز کو ہدایت کی کہ صارفین کی شکایات کے بروقت ازالے کے لئے سب ڈویژنل، ڈویژنل، سرکل دفاتر میں قائم کسٹمر سروسز سنٹرز اور شکایات مراکز میں روزانہ کی بنیاد پر چیکنگ کی جائے۔ اجلاس میں جنرل منیجر آپریشن طارق محمود بٹر، جنرل منیجر ٹیکنیکل شفیق الحسن، ڈی جی کمرشل سید احسن محی الدین، چیف انجینئر زعبدالرحیم سومرو، عطرت حسین اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

# مدتِ ملازمت پوری کرنے کے بعد باعزت ریٹائرمنٹ اللہ کا تحفہ ہے، چیف ایگزیکٹو اکرام الحق

جنرل مینیجر کسٹمر سروسز میپکو عرفان میمن اپنی مدتِ ملازمت پوری کر کے ریٹائر ہو گئے، اچھی افرادی قوت اور ٹیم اچھے اداروں کا اثاثہ ہوتی ہے

انجینئر عرفان میمن کی میپکو کیلئے سروسز لائقِ تحسین ہیں۔ سی۔ای۔او میپکو افسر ہو یا ماتحت باعزت ریٹائرمنٹ سب کیلئے ایک اعزاز کی بات ہے، جی ایم ٹیکنیکل میپکو شفیق الحسن

جنرل مینیجر کسٹمر سروسز میپکو عرفان میمن اپنی مدت ملازمت پوری کر کے ریٹائر ہو گئے۔ ان کے اعزاز میں میپکو ہیڈ کوارٹرز میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس سے خطاب کرتے ہوئے چیف ایگزیکٹو میپکو انجینئر اکرام الحق نے کہا کہ افرادی قوت اداروں کے استحکام اور ان کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے اچھی افرادی قوت اور ٹیم اچھے اداروں کا اثاثہ ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مدت ملازمت پوری کرنے کے بعد باعزت طریقے سے ریٹائرمنٹ خدا کی طرف سے ایک تحفے سے کم نہیں ہے۔ عرفان میمن اپنے کام میں انتہائی مہارت رکھتے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو نے ریٹائرڈ ہونے والے جنرل مینیجر کسٹمر سروسز کی پیشہ وارانہ زندگی کی تعریف کی اور کہا کہ دوران ملازمت انہیں جو بھی ڈیوٹی تفویض کی گئی انہوں نے احسن طریقے سے انجام دیا اور مطلوبہ ٹارگٹ کو حاصل کیا۔ چیف ایگزیکٹو نے کہا کہ عرفان میمن نے اپنی تمام مدت ملازمت انتہائی ایمانداری، محنت و لگن اور بغیر کسی دباؤ کے درست اور بروقت فیصلے کر کے گزاری۔ اس موقع پر جی ایم ٹیکنیکل شفیق الحسن نے میپکو سے ریٹائرڈ ہونے والے جنرل مینیجر عرفان میمن کو باعزت طریقے سے مدت ملازمت پوری ہونے پر مبارکباد دی اور کہا کہ افسر ہو یا ماتحت باعزت ریٹائرمنٹ سب کیلئے ایک اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوران سروس عرفان میمن نے خوش اخلاقی اور خوش خلقی کا دامن کبھی ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔ انھوں نے ہمیشہ ملازمین اور صارفین کے ساتھ انتہائی نرم رویہ اپنائے رکھا اور ماحول کو ہمیشہ خوشگوار رکھتے ہوئے کام کو بہترین طریقے سے انجام دیا۔ تمام افسران نے ان کی آئندہ زندگی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور کہا کہ ان کے دلوں اور محکمہ کے دروازے ہمیشہ ان کیلئے کھلے ہیں۔ ریٹائرڈ ہونیوالے جنرل مینیجر عرفان میمن نے اپنے اعزاز میں منعقد کی گئی تقریب پر تمام آفیسرز کا شکریہ ادا کیا اور اپنے خطاب میں کہا کہ گذشتہ تمام عرصہ میں انہیں سب کا تعاون حاصل رہا اور تمام کامیابیاں ٹیم ورک کا نتیجہ ہیں۔ اپنی تمام سروس کے دوران ہمیشہ ملازمین اور صارفین کی بھلائی کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے۔ تقریب کے اختتام پر چیف ایگزیکٹو میپکو اکرام الحق نے ریٹائرڈ ہونے والے جنرل مینیجر تحائف اور واجبات کا چیک دیا۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق ریٹائرڈ ہونے والے جنرل مینیجر کسٹمر سروسز عرفان میمن کو شیلڈ اور ریٹائرمنٹ کے کاغذات دے رہے ہیں

# چیف ایگزیکٹوانجینئر اکرام الحق کا میپکو سرکل وہاڑی کا دورہ، شاندار نتائج پر افسران کو شاباش

### امید ہے کہ اسی محنت اور لگن سے افسران میپکو کا نام روشن کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے میپکو سرکل وہاڑی کا اچانک دورہ کیا۔ سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو الطاف قادر نے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو سرکل وہاڑی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے سرکل وہاڑی کے شاندار نتائج پر افسران کو شاباش دی اور امید کی کہ اسی محنت اور لگن سے افسران میپکو کا نام روشن کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے سرکل وہاڑی کے افسران سے استفسار کیا اور روزمرہ امور کی سرانجام دہی میں پیش آنے والے مسائل کے بارے میں دریافت کیا اور انکو حل کرنے کی یقین دہانی کروائی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو نے وزیراعظم پاکستان کی کلین اینڈ گرین مہم کے تحت سرکل وہاڑی میں شجرکاری مہم کا افتتاح کیا اور ایک پودا بھی لگایا انہوں نے کہا کہ شجرکاری سے ہی ماحول کو سازگار بنایا جاسکتا ہے۔ اس موقع پر ایکسین میپکو آپریشن ڈویژن وہاڑی انجینئر شاہد نذیر اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

# ریجن بھر کے انتظامی افسران کو کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر پر سختی سے عمل درآمد کرنے کیلئے احکامات جاری

### مجموعی کاوشوں سے کورونا وائرس جیسی مہلک اور جان لیوا بیماری کے پھیلاؤ کو روک اس پر قابو پایا جاسکتا ہے، چیف ایگزیکٹو اکرام الحق

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) انتظامیہ نے کورونا وائرس کی موجودہ لہر کے پیش نظر ملازمین اور صارفین کیلئے احتیاطی تدابیر اور ہدایات جاری کر دی ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق کے احکامات کی روشنی میں میپکو انتظامیہ نے ریجن بھر کے تمام انتظامی افسران کو باقاعدہ مراسلہ جاری کر دیا گیا ہے جس کے مطابق میپکو دفاتر میں ڈیوٹی اوقات کے دوران ملازمین کیلئے ماسک پہننا لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ میپکو ریجن کے ملازمین کو ہدایت کی گئی ہے کہ ہاتھوں کو صابن سے باقاعدگی سے دھوئیں، ہینڈ سینی ٹائزر کا استعمال کریں۔ ایک دوسرے کو ہاتھ ملانے سے گریز کریں اور ڈیوٹی اوقات میں غیر ضروری باہر مت نکلیں۔ بخار، کھانسی اور نزلہ کے مرض میں مبتلا ملازمین دفاتر میں مت آئیں۔ اگر کسی ملازم میں کورونا وائرس کی علامات پائی جائیں تو وہ فوری طور پر کسی مستند لیبارٹری سے اپنا ٹیسٹ کروائے اور رپورٹ منفی آنے تک دفتر اٹینڈ نہ کرے جبکہ اگر کسی ملازم کی طرف سے کورونا علامات کو چھپانے کی کوشش کی اور Covid-19 ٹیسٹ نہ کرایا تو بعد ازاں ٹیسٹ مثبت آنے پر میپکو انتظامیہ پاکستان واپڈا ای اینڈ ڈی رولز کے تحت اس کے خلاف حقائق کو چھپانے اور کورونا وائرس کے پھیلاؤ کا سبب بننے پر تادیبی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ تمام میپکو دفاتر کے داخلی راستوں پر ہینڈ سینٹی ٹائزر اور ٹمپریچر چیکنگ گن کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے اور تمام صارفین و ملازمین دفتر میں داخل ہونے سے پہلے ٹمپریچر چیکنگ اور ہینڈ سینٹی ٹائزر کا استعمال کریں جبکہ پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جائے۔ دفاتر اور بیت الخلاء کی باقاعدہ صفائی وستھرائی پر خاص توجہ دی جائے اور متعلقہ انچارج روزانہ اس کی چیکنگ کرے۔ فیلڈ میں کام کرنے والے سٹاف کو ماسک اور ڈسپوزایبل دستانے فراہم کیے جائیں اور کام کے دوران ان کا سختی سے استعمال کیا جائے۔ دفاتر میں ہر قسم کی سوشل سرگرمیوں پر پابندی ہے۔ میپکو دفاتر اور راہداریوں میں جراثیم کش محلول کا باقاعدگی سے سپرے کی جائے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے تمام آفیسرز اور ملازمین کو جاری کردہ ہدایات پر سختی سے عمل پیرا ہونے کی تاکید کی ہے تاکہ مجموعی کاوشوں سے کورونا وائرس جیسی مہلک اور جان لیوا بیماری کے پھیلاؤ کو روک کر اس پر قابو پایا جاسکے۔

# صارفین کو بہتر وولٹیج کی فراہمی کیلئے گرڈ اسٹیشنوں اور ٹرانسمیشن لائنوں کے 27 منصوبے مکمل

## سال 2020-21ء کے پہلے سات ماہ کے دوران گرڈ اسٹیشنز کے 19 پراجیکٹس مکمل کئے گئے، چیف ایگزیکٹو انجینئر اکرام الحق

## صارفین کو بلاتعطّل بجلی کی فراہمی کیلئے نئے گرڈ اسٹیشنز کی تعمیر اور موجودہ گرڈ اسٹیشنز کی استعداد کار میں توسیع کی جا رہی ہے



ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے جنوبی پنجاب میں صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بلاتعطّل بجلی فراہمی کے لئے گرڈ اسٹیشنوں اور ٹرانسمیشن لائنوں کے 27 منصوبے مکمل کر لئے۔ تین نئے گرڈ اسٹیشنوں سمیت مکمل ہونے والے منصوبوں پر ایک ارب 67 کروڑ روپے لاگت آئی ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق نے کہا ہے کہ میپکو ریجن میں سسٹم کی اپ گریڈیشن کے منصوبوں کے تحت نہ صرف نئے گرڈ اسٹیشنز تعمیر کئے جا رہے ہیں بلکہ موجودہ گرڈ اسٹیشنز کی استعداد کار میں توسیع کر کے صارفین کو ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے۔ رواں مالی سال 2020-21ء کے پہلے سات ماہ کے دوران گرڈ اسٹیشنز کے 19 پراجیکٹس مکمل کئے گئے ان میں ملتان میں 132KV ایس ایم فوڈز اور بچ ولاز گرڈ اسٹیشنز اور مظفرگڑھ سرکل میں 132KV خانپور بگا شیر گرڈ اسٹیشن بنایا گیا۔ تینوں گرڈ اسٹیشنوں کی تعمیر تنصیب پر مجموعی طور پر 63 کروڑ روپے سے زائد لاگت آئی ہے جبکہ 16 گرڈ اسٹیشنز کی استعداد کار میں توسیع، پاور ٹرانسفارمرز بے (Bay)، لائن بے (Bay) کی تعمیر اور پاور ٹرانسفارمرز کی طاقت میں اضافے پر 63 کروڑ روپے خرچ کئے گئے۔ جولائی 2020ء تا جنوری 2021ء کے دوران نئے میں جنوبی پنجاب میں ٹرانسمیشن لائنوں کے 8 منصوبے بھی مکمل کئے گئے ان میں بچ ولاز، خانپور بگا شیر، سخی سرور۔ ڈی جی خان، لیہ۔کوٹ سلطان، این جی پی ایس۔خانیوال روڈ، انڈسٹریل اسٹیٹ۔مظفرگڑھ، 500KV ملتان۔این جی پی ایس اور بوسن روڈ۔انڈسٹریل اسٹیٹ ٹرانسمشین لائنوں کے منصوبے شامل ہیں ان منصوبوں کی تکمیل پر 37 کروڑ 84 لاکھ روپے لاگت آئی ہے۔

# صارفین کو موسم گرما میں بجلی کی بلاتعطّل فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے ٹو فیز پر چلنے والے ٹرانسفارمرز کی فوری مرمت کروائی جائے

## ایڈیشنل چیف انجینئر میپکو بہاولپور سرکل عبدالکریم جمالی کا ماڈل ٹاؤن ڈویژن بہاولپور کے زیرِ انتظام شکایات مراکز کا دورہ



ایڈیشنل چیف انجینئر میپکو سرکل بہاولپور عبدالکریم جمالی سب ڈویژن میں شکایات رجسٹر چیک کر رہے ہیں

ایڈیشنل چیف انجینئر میپکو بہاولپور سرکل عبدالکریم جمالی نے کہا ہے کہ سب ڈویژنوں کی حدود میں رکھے ٹرانسفارمرز فوری طور پر سٹورز بھجوائے جائیں اور ٹو فیز پر چلنے والے ٹرانسفارمرز کی مرمت کروائی جائے تا کہ صارفین کو موسم گرما میں بجلی فراہمی میں تعطّل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے ماڈل ٹاؤن ڈویژن بہاولپور کے زیر انتظام شکایات مراکز کا دورہ کیا اور وہاں درج ہونے والی شکایات کا جائزہ لیا۔ ایڈیشنل چیف انجینئر نے لائن مینوں کا ڈیوٹی رجسٹر چیک کیا اور انہیں ہدایت کی کہ ٹی اینڈ پی کے بغیر لائنوں پر ہرگز کام نہ کیا جائے اور صارفین کی شکایات کا کم سے کم وقت میں ازالہ ممکن بنایا جائے۔ انہوں نے سب ڈویژنوں کے لائن سپروائزرز کو ہدایت کی کہ ٹرانسفارمرز کی مرمت اور لائنوں پر کام کے دوران موقع پر موجودگی یقینی بنائی جائے۔ صارفین سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے۔

# جنرل منیجر آپریشن میپکو طارق محمود بٹر کا میپکو آپریشن سرکل خانیوال کا دورہ، افسران کی کارکردگی کا جائزہ

## خطرناک مقامات کی درستگی، بے ہنگم تاروں کی تبدیلی، سسٹم کی بہتری، لائنوں پر دورانِ کام حفاظتی اقدامات کو یقینی بنانے کیلئے افسران کو ہدایات جاری



جنرل منیجر آپریشن میپکو انجینئر طارق محمود بٹر خانیوال سرکل کے افسران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے

جنرل منیجر آپریشن میپکو طارق محمود بٹر نے کہا ہے کہ تمام ایس ڈی اوز اور ایکسین روزانہ کی بنیاد پر سب ڈویژن اور ڈویژن کی سطح پر شکایات سنٹرز کی چیکنگ کریں اور صارفین کی شکایات کا ازالہ کم سے کم وقت میں یقینی بنائیں۔ یہ ہدایات انہوں نے میپکو آپریشن سرکل خانیوال میں افسران کے اجلاس میں دیں۔ انہوں نے کہا کہ لائن لاسز کو نیپرا کی طرف سے دیئے گئے اہداف کے مطابق کم کیا جائے اور موجودہ واجبات، بقایا جات اور مستقل نادہندگان سے رقوم کی وصولی کو یقینی بنایا جائے۔ اگر ڈیڈ ڈیفالٹر کا کنکشن موقع پر چلتا پایا گیا تو متعلقہ لائن سپرنٹنڈنٹ اور ایس ڈی او کے خلاف محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ سپرنٹنڈنگ انجینئر میپکو آپریشن سرکل خانیوال محمد سعید نے جنرل منیجر آپریشن کو سرکل کی کارگردگی بارے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ خطرناک مقامات کی درستگی، بے ہنگم تاروں کی تبدیلی، اوورلوڈ فیڈرز کی بائفرکیشن اور سسٹم کی بہتری کیلئے ایل ٹی پروپوزلز کو بھی جلد مکمل کیا جائے۔ لائن سٹاف کسی بھی ٹرپنگ، شٹ ڈاؤن اور شکایات کو اپنی جان پر فوقیت نہ دیں اور بغیر سیفٹی آلات لائنوں پر ہرگز کام نہ کریں۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل مسعود احمد قریشی، ڈپٹی کمرشل منیجر ارشاد خان سیال، ایکسین میپکو ڈویژن خانیوال فیاض قربان، ایکسین میاں چنوں ڈویژن قمر زمان، ایکسین کبیروالہ ڈویژن نصراللہ خان ناصر اور ریونیو آفیسرز نے شرکت کی۔

# ڈیڈ اور رننگ ڈیفالٹرز سے واجبات کی وصولی کیلئے سخت ترین اقدامات کیے جائیں، ڈیفالٹرز کے کنکشنز منقطع کیے جائیں

## چیف انجینئر اوا اینڈ ایم ڈسٹری بیوشن میپکو عبدالرحیم سومرو کا میپکو سرکل مظفرگڑھ کا دورہ ایڈیشنل چیف انجینئر مہرنذر ڈب نے سرکل کی کارگردگی کے بارے میں بریفنگ دی



چیف انجینئر اوا اینڈ ایم ڈسٹری بیوشن عبدالرحیم سومرو اور ایڈیشنل چیف انجینئر مظفرگڑھ سرکل مہرنذر محمد ڈب ڈویژنل افسران کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

چیف انجینئر اوا اینڈ ایم ڈسٹری بیوشن میپکو عبدالرحیم سومرو نے کہا ہے کہ ڈیڈ ڈیفالٹرز سے واجبات کی وصولی، رننگ ڈیفالٹرز سے بلوں کی ادائیگی کے لیے سخت ترین اقدامات کئے جائیں اور ڈیفالٹرز کے کنکشنز فوری طور پر منقطع کئے جائیں۔ ڈیفالٹرز سے واجبات کی وصولی اور لائن لاسز کو کنٹرول کرنے کے اہداف حاصل نہ کرنے والے افسران کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی۔ فیلڈ افسران اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں لائن لاسز کو فیڈر کی سطح پر کنٹرول کریں۔ بجلی چوروں کو نہ صرف بھاری جرمانے کئے جائیں بلکہ ان کے خلاف ایف آئی آرز بھی درج کروائی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو سرکل مظفرگڑھ کے دورے کے موقع پر سرکل کے تمام ایکسین سے اجلاس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایکسین اور ایس ڈی اوز خود فیلڈ میں نکلیں۔ لائن لاسز اور واجبات کی وصولی کی رپورٹ روزانہ کی بنیاد پر مانیٹر کریں۔ انہوں نے کہا کہ صارفین ہماری ترجیحات میں اول ہیں ان کی شکایات کا کم سے کم وقت میں ازالہ کیا جائے اور تمام افسران صارفین کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئیں تاکہ میپکو کا امیج لوگوں کی نظر میں بہتر ہو سکے۔ لائن سٹاف اپنی قیمتی جانوں کی حفاظت کو یقینی بنائیں اور ٹی اینڈ پی کا استعمال کریں۔ ایڈیشنل چیف انجینئر میپکو سرکل مظفرگڑھ انجینئر مہرنذر محمد ڈب نے سرکل کی کارکردگی کے بارے میں بریفنگ دی سرکل کی بہترین کارکردگی کو چیف انجینئر نے سراہا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل محمد نعیم اختر سامٹیہ، ایکسین ڈویژن مظفرگڑھ محمد عمیر قاسم، ایکسین علی پور ڈویژن ملک یعقوب گدارا، ایکسین کوٹ ادو ملک خورشید، ایکسین لیہ ڈویژن بلال خان، ڈپٹی کمرشل منیجر سرکل مظفرگڑھ اظہار علی بھی موجود تھے۔

# میپکو ٹاسک فورسز کی ریجن بھر میں بجلی چوروں کے خلاف بھرپور کاروائیاں

رواں سال کے دوران 6ہزار191 بجلی چور پکڑ لئے گئے،75لاکھ57ہزار یونٹس چوری کرنے پر 11 کروڑ سے زائد کے جرمانے عائد،842مقدمات درج

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کی ٹاسک فورسز نے سال 2021ء کے دوران ریجن بھر میں 6ہزار 191 بجلی چور پکڑ لئے ۔75لاکھ 57 ہزار یونٹس چوری کرنے پر 11 کروڑ روپے جرمانہ عائد۔842 مقدمات درج کروادیئے گئے ۔چیف ایگزیکٹوآفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق کی زیرنگرانی آپریشن سرکلوں کے سپرینٹنڈنگ انجینئرز،ایگزیکٹوانجینئرز،ایس ڈی اوز اور سٹاف پر مشتمل ٹاسک فورسز نے اڑھائی ماہ کے دوران جنوبی پنجاب میں 5ہزار 829 گھریلو صارفین کو 62لاکھ یونٹس چوری کرنے پر 10 کروڑ 10لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا اور 801ڈومیسٹک صارفین کے خلاف ایف آئی آرز درج کروائی گئیں۔188 تجارتی صارفین کو 2لاکھ 21 ہزار یونٹس چوری کرنے پر 51لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا اور 22 تاجروں کے خلاف مقدمات درج کروائے۔58 صنعتی صارفین کو ایک لاکھ 56ہزار یونٹس چوری کرنے پر 31 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا اور 7 بجلی چوروں کے خلاف ایف آئی آرز درج کروائیں۔89 زرعی کاشتکاروں کو 9لاکھ 29ہزار یونٹس بجلی چوری کرنے پر 96لاکھ روپے جرمانہ عائد کر کے 10 مقدمات درج کروائے گئے جبکہ 19 دیگر کیٹگریز کے صارفین کو 30ہزار یونٹس بجلی چوری کرنے پر 5لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا اور ایک مقدمہ درج کروایا گیا۔یکم جنوری ءتا18 مارچ 2021ء کے دوران ملتان میں 1628 صارفین کو 31545009 روپے جرمانہ عائد کیا گیا اور 151 مقدمات درج کروائے گئے۔ڈی جی خان میں 1043 صارفین کو 15024747 روپے جرمانہ عائد اور 275 مقدمات درج،وہاڑی میں 339 صارفین کو 8919863 روپے جرمانہ عائد اور 27 مقدمات درج، بہاولپور میں 509 بجلی چوروں کو 11976952 روپے جرمانہ عائد اور 108 مقدمات درج،ساہیوال میں 882 صارفین کو 14934374 روپے جرمانہ عائد اور 108 ایف آئی آرز درج، رحیم یار خان میں 562 بجلی چوروں کو 10910659 روپے جرمانہ عائد اور 39 مقدمات درج، مظفرگڑھ میں 842 صارفین کو 12751457 روپے جرمانہ عائد اور 44 مقدمات درج، بہاولنگر میں 216 بجلی چوروں کو 4528035روپے جرمانہ عائد اور 57 مقدمات درج،خانیوال میں 170 بجلی چوروں کو 9227722 روپے جرمانہ عائد اور 33 ایف آئی آرز درج کروائی گئیں۔

## بوگس ٹرانسفارمر سے ڈائریکٹ تاریں لگا کر ٹیوب ویل پر بجلی چوری کی واردات پکڑ لی گئی

میپکو ڈی.جی خان سرکل کے زیر انتظام میپکو کوئٹہ روڈ سب ڈویژن ٹیم کی بجلی چوروں کے خلاف بڑی کاروائی

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کوئٹہ روڈ سب ڈویژن ڈی جی خان کی ٹیم نے بوگس ٹرانسفارمر لگا کر ٹیوب ویل پر بڑے پیمانے پر بجلی چوری پکڑ لی۔بجلی چور کا مرد و خواتین ساتھیوں کے ہمراہ ٹیم کا گھیراؤ۔کئی گھنٹے تک یرغمال بنائے رکھا۔جان سے مارنے کی دھمکیاں۔پولیس فورس طلب کرنے پر بوگس بجلی تنصیبات لیکر فرار ہوگئے۔تھانہ صدر میں مقدمہ کے اندراج اور بوگس ٹرانسفارمر کی برآمدگی کے لئے درخواست دیدی۔ایس ڈی او میپکو کوئٹہ روڈ سب ڈویژن ڈی جی خان انجینئر فیصل رسول کی سربراہی میں ٹیم نے بستی علو موضع نورواہ میں چھاپہ مار کر میٹر بنام محمد ابراہیم قوم بندوانی کھوسہ کو بوگس ٹرانسفارمر سے ڈائریکٹ تاریں لگا کر ٹیوب ویل پر بجلی چوری پکڑ لی۔بجلی چور نے ٹیوب ویل کے بور والے کمرے میں بوگس ٹرانسفارمر رکھا ہوا تھا۔میپکو ٹیم ٹرانسفارمر قبضہ میں لیکر گاڑی میں لوڈ کرنے لگی تو صارف محمد ابراہیم نے کئی افراد کے ہمراہ ٹیم پر حملہ کر دیا اور ڈنڈوں، لاتوں اور گھونسوں سے میپکو ٹیم کو مارنا شروع کر دیا جبکہ ایک آدمی ٹریکٹر چلا کر ٹرانسفارمر کے نزدیک آ گیا اور میپکو ٹیم پر ٹریکٹر چڑھانے اور سرکاری گاڑی کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی۔تقریباً 15 خواتین بھی موقع پر پہنچ گئیں۔مرد، خواتین کو ڈھال بنا کر بوگس ٹرانسفارمر اُٹھا کر لے گئے۔ٹیم کو کئی گھنٹے تک یرغمال بنائے رکھا۔ایس ڈی او کوئٹہ روڈ سب ڈویژن ڈی جی خان فیصل رسول کی مدعیت میں تھانہ صدر میں بجلی چور کے خلاف بجلی چوری، کارسرکار میں مداخلت، ٹیم کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے کے مقدمہ کے اندراج اور بوگس ٹرانسفارمر کی برآمدگی کے لئے درخواست دیدی۔

# واجبات کی عدم ادائیگی پر ڈیفالٹرز کے کنکشنز بغیر کسی رعایت منقطع کئے جائیں

ڈائریکٹر جنرل کمرشل سید احسن محی الدین

## فیلڈ افسران واجب الادا رقوم کی وصولی کو بھرپور وسائل سے یقینی بنائیں، بصورتِ دیگر متعلقہ ایس ڈی اوز کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کی جائے گی

### ڈائریکٹر جنرل کمرشل میپکو سید احسن محی الدین کا میپکو سرکل بہاولپور کے دورے کے موقع پر فیلڈ افسران کے اجلاس سے خطاب

ڈائریکٹر جنرل کمرشل میپکو سید احسن محی الدین نے کہا ہے کہ ایس ڈی اوز اور ایکسین نادہندہ صارفین سے واجب الادا رقوم کی وصولی کے لئے بھرپور وسائل استعمال کریں۔واجبات اور بقایاجات کی عدم ادائیگی پر ڈیفالٹرز کے کنکشنز بغیر کسی رعایت کے منقطع کئے جائیں۔نادہندگان سے واجبات وصولی میں ناکامی پر متعلقہ ایس ڈی اوز کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کی جائے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو سرکل بہاولپور کے دورے کے موقع پر فیلڈ افسران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ بجلی چوری روکنے میں افسران اپنا کردار ادا کریں بجلی چوروں کو نہ صرف بھاری جرمانے کئے جائیں بلکہ ان کے خلاف ایف آئی آر بھی درج کروائی جائے۔لائن لاسز کے اہداف کے حصول کے لیے بھی محنت کی جائے۔خطرناک مقامات کی درستگی، بے ہنگم تاروں کی تبدیلی اور سسٹم کی بہتری کیلئے ایل ٹی پروپوزلز کو بھی



ڈائریکٹر جنرل کمرشل میپکو سید احسن محی الدین اور ایڈیشنل چیف انجینئر میپکو سرکل بہاولپور عبدالکریم جمالی بہاولپور سرکل کے افسران کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

جلد مکمل کیا جائے۔ڈی جی کمرشل نے میپکو سرکل بہاولپور کے تمام ایکسین کو ہدایت کی کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر سب ڈویژنل اور ڈویژنل شکایات سنٹرز کی چیکنگ کریں اور صارفین کی شکایات کا ازالہ کم سے کم وقت میں یقینی بنائیں۔ایڈیشنل چیف انجینئر میپکو سرکل بہاولپور عبدالکریم جمالی نے کہا کہ لائن سٹاف کسی بھی ٹرپنگ،شٹ ڈاؤن اور شکایات کو اپنی جان پر فوقیت نہ دیں اور بغیر سیفٹی آلات لائنوں پر ہرگز کام نہ کریں۔خراب اور جلنے والے بجلی میٹرز بھی جلد از جلد تبدیل کئے جائیں۔ایڈیشنل چیف انجینئر نے سرکل کی کارکردگی کے بارے میں بریفنگ دی جس ڈی جی نے تمام افسران اور ملازمین کو کارکردگی مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔

## میپکو ریجنل ٹریننگ سنٹر، موٹروے پولیس کے تعاون سے ٹریزز کو روڈ سیفٹی سے متعلق تربیت دینے کا آغاز

### موٹروے پولیس ملتان کے سینئر پٹرولنگ آفیسر اصغر شاہد نے ٹریزز کو دورانِ ڈرائیونگ احتیاطی تدابیر اور قوانین پر عملدرآمد سے متعلق آگاہی دی



موٹروے پولیس کے سینئر پٹرولنگ آفیسر اصغر شاہد ریجنل ٹریننگ سنٹر میپکو میں ٹریزز کو روڈ سیفٹی کے متعلق لیکچر دے رہے ہیں

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) ریجنل ٹریننگ سنٹر میں موٹروے پولیس کے تعاون سے ٹریزز کو روڈ سیفٹی سے متعلق تربیت دینے کا آغاز کر دیا گیا ہے۔موٹروے پولیس ملتان کے سینئر پٹرولنگ آفیسر اصغر شاہد نے یارڈ میں ٹریزز کو ڈرائیونگ کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور قوانین پر عملدرآمد کرنے کی آگاہی دی۔اس موقع پر پرنسپل ریجنل ٹریننگ سنٹر رفاقت علی شاہ، انسٹرکٹر غلام جیلانی اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن عاصم جاوید بھی موجود تھے۔سینئر پٹرولنگ آفیسر نے میپکو کے ٹریزز کو بتایا کہ سڑک پر گاڑی، موٹرسائیکل چلاتے ہوئے قوانین پر مکمل عملدرآمد کیا جائے تاکہ دوران سفر حادثات سے بچاؤ ممکن ہو سکے۔

# سرکاری و پرائیوٹ صارفین سے بلنگ کی مد میں 1 کھرب 77 ارب روپے وصول

## رواں مالی سال کے دوران پروگریسو ریکوری کی شرح 106 فیصد

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے سرکاری اور پرائیوٹ صارفین سے بلنگ کی مد میں ایک کھرب 77ارب روپے وصول کر لئے جس سے رواں مالی سال 2020-21ء کے دوران پروگریسو ریکوری کی شرح 106 فیصد رہی ہے۔کرونا وائرس کے خدشات / خطرات کے باوجود میپکو ریجن میں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر اکرام الحق کی زیرِ نگرانی انجینئرز اور سٹاف پر مشتمل ٹیموں نے بلنگ کی مد میں ریکارڈ وصولیاں کی ہیں اور اتھارٹی کے مقرر کردہ اہداف بھی حاصل کیے ہیں۔ جولائی 2020ء تا جنوری 2021ء کے دوران ملتان سرکل میں 38ارب 35 کروڑ روپے وصولیوں کے ساتھ ریکوری کی شرح 103.99 فیصد رہی۔ڈی جی خان سرکل میں 13ارب روپے ریکوری سے شرح 103.72 فیصد، وہاڑی سرکل میں 14ارب 93 کروڑ ریکوری سے شرح 107.12 فیصد، بہاولپور سرکل میں 22ارب 79 کروڑ روپے ریکوری کے ساتھ شرح 107.4 فیصد، ساہیوال سرکل میں 23ارب 83 کروڑ روپے ریکوری کے ساتھ شرح 106.3 فیصد، رحیم یار خان سرکل میں 19ارب 17 کروڑ روپے ریکوری کے ساتھ شرح 105.2 فیصد، مظفر گڑھ سرکل میں 20ارب روپے وصولیوں کے ساتھ شرح 107.4، بہاولنگر سرکل میں 11ارب 40 کروڑ روپے وصولیوں کے ساتھ شرح 108.46 فیصد اور خانیوال سرکل میں 13ارب 56 کروڑ روپے وصولیوں کے ساتھ شرح 107.43 فیصد رہی۔

# لائن سٹاف کو یونیفارمز دیئے گئے اور حفاظتی تدابیر پر عمل پیرا ہونے کی ہدایات جاری

ایگزیکٹو انجینئر آپریشن میپکو کینٹ ڈویژن ملتان جاوید اقبال وینس نے فیلڈ میں مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا اور لائنوں کی درستگی اور ٹرانسفارمرز کی مینٹی نینس کرنے والے سب ڈویژنل لائن سٹاف سے ملاقات کی۔انہوں نے موقع پر موجود لائن سٹاف کو ہدایت کی کہ ٹی اینڈ پی کے استعمال بغیر لائنوں اور پولز پر کام نہ کیا جائے۔لائن سٹاف کو دوران ڈیوٹی فرائض سرانجام دینے کے لئے یونیفارمز دیئے گئے ہیں۔دریں اثناء ایس ڈی او گلبرگ سب ڈویژن ملتان محمد سلیم شاد نے کریش مینٹی نینس پروگرام میں ٹرانسفارمرز کی بیلنسنگ اور لائنوں کی درستگی کا جائزہ لیا۔انہوں نے سٹاف کو ہدایت کی کہ اپنی قیمتی جان کی حفاظت کو اولین ترجیح بنائیں۔

# مطمئن صارفین ہی کمپنی کی بہترین کارکردگی کا ثبوت ہیں سپرینٹنڈنگ انجینئر ملتان سرکل منور خان

**بجلی کی بے ہنگم تاروں، میٹروں کی ترتیب اور وولٹیج کے مسائل کو ہنگامی بنیادوں پر حل کیا جائیگا، انجمن تاجران خان پلازہ (کمپیوٹر مارکیٹ) کے نمائندہ وفد سے ملاقات**

صارفین کو بہترین سروسز کی فراہمی میپکو کی اولین ترجیح ہے۔ مطمئن صارفین ہی کمپنی کی بہترین کارکردگی کا ثبوت ہیں۔ خان پلازہ ملتان کینٹ میں بجلی کی تاروں اور وولٹیج کے مسائل کو ہنگامی بنیادوں پر حل کیا جائیگا۔ یہ باتیں سپرینٹنڈنگ انجینئر ملتان سرکل منور خان نے انجمن تاجراں خان پلازہ کمپیوٹر مارکیٹ کے نمائندہ وفد سے ملاقات میں کہیں۔ انہوں نے کہا کہ خان پلازہ جنوبی پنجاب کی کمپیوٹر اور اسکی اسیسریز (Accessries) کی بڑی مارکیٹ ہے اس میں بے ہنگم تاروں اور میٹروں کو ترتیب سے لگانے اور وولٹیج کی کمی وبیشی کے مسائل کے حل کیلئے کینٹ ڈویژن میپکو کی خصوصی ٹیم تشکیل دیدی گئی ہے۔ وہ خود بھی خان پلازہ کا دورہ کر کے بجلی سے متعلق مسائل کے حل کے مزید احکامات دیں گے تاکہ وہاں کے تاجر یکسوئی سے تجارت کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ تاجران بجلی چوری کی لعنت کے خاتمے کے لئے اپنا کردار ادا کریں اور جہاں بجلی چوری ہو رہی ہو اسکی نشاندہی کریں۔ میپکو ٹیمیں اس پر فل الفور کاروائی کریں گی۔



سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل منور خان سے خان پلازہ ملتان کینٹ کا وفد صدر بلال عباس اور چیئرمین ظفر اقبال کی سربراہی میں ملاقات کر رہا ہے۔ ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز طاہر محمود شیخ بھی موجود ہیں

قبل ازیں انجمن تاجران خان پلازہ کے صدر بلال عباس اور چیئرمین ظفر اقبال نے خان پلازہ میں بجلی کی بے ہنگم تاروں، میٹروں اور وولٹیج کے مسائل سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز طاہر محمود شیخ بھی موجود تھے۔

# لائن سٹاف محکمہ کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور ہمارا سرمایہ ہے، سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو بہاولنگر سرکل فیصل رضا مارتھ

**اپنی جانوں کو کسی صورت خطرے میں نہ ڈالیں، بغیر سیفٹی آلات لائنوں پر ہرگز کام نہ کریں، میپکو ہارون آباد ڈویژنل کمپلیکس میں سیفٹی سیمینار سے خطاب**



سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل بہاولنگر فیصل رضا مارتھ ہارون آباد ڈویژن میں سیفٹی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں۔

سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو بہاولنگر سرکل فیصل رضا مارتھ نے کہا ہے کہ لائن سٹاف محکمہ کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور ہمارا سرمایہ ہے اسکی زندگی اسکے خاندان اور کمپنی کے لئے اشد ضروری ہے۔ میپکو ملازمین کسی بھی ٹرپنگ، شٹ ڈاؤن اور شکایات کے ازالہ کیلئے اپنی جان کو خطرے میں نہ ڈالیں اور بغیر سیفٹی آلات لائنوں پر ہرگز کام نہ کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو ہارون آباد ڈویژنل کمپلیکس میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ لائن سٹاف ٹی اینڈ پی کو اپنا زیور سمجھیں اور اسکا استعمال یقینی بنائیں اور سیفٹی ہدایات پر سختی سے عمل کریں۔ انہوں نے ٹی اینڈ پی کے استعمال کے مختلف طریقے بتائے اور کہا لائن سٹاف سیفٹی آلات کے بغیر ہرگز کام نہ کریں۔ سیفٹی سیمینار سے دیگر افسران اور یونین عہدیداروں نے بھی خطاب کیا اور سیفٹی آلات کے بھرپور استعمال پر زور دیا۔

# دورانِ ڈیوٹی شہید یا معذور ہونے والے ملازمین کے اہل خانہ کی کفالت گرانٹ میں اضافہ

## بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری سے اہلخانہ کو 40 لاکھ روپے گرانٹ دی جائے گی

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) انتظامیہ نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری سے دوران ڈیوٹی شہید ہونے اور 100 فیصد معذور ہونے والے ملازمین کی فیملیز کی کفالت کے لئے گرانٹ میں اضافہ کر دیا ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ہیومن ریسورس میپکو ہیڈ کوارٹر وجاہت بُچہ کی جانب سے جاری ہونے والے نوٹیفیکیشن کے مطابق یکم جولائی 2020ء سے دوران ڈیوٹی شہید یا مکمل معذور ہونے والے ملازمین کے اہلخانہ کو 40 لاکھ روپے گرانٹ دی جائے گی۔ اس سے قبل مہلک وغیر مہلک حادثات کا شکار ہونے والے ملازمین کو 35 لاکھ روپے گرانٹ دی جارہی تھی جس میں اضافہ کیا گیا ہے۔

## اسسٹنٹ ڈائریکٹر کی 4 آسامیوں کے قیام منظوری

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) انتظامیہ نے بورڈ آف ڈائریکٹر کی منظوری سے اسسٹنٹ ڈائریکٹر کی 4 آسامیوں کے قیام کی منظوری دے دی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ایچ آر ایم میپکو وجاہت بُچہ کے مطابق کمپنی سیکرٹری ڈائریکٹوریٹ میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان میں بنیادی سکیل 17/18 میں اسسٹنٹ کمپنی سیکرٹری کی ایک آسامی قائم کرنیکی منظوری دی ہے جسکا نوٹیفیکشن جاری کر دیا گیا ہے۔ میپکو کے تین ڈائریکٹوریٹس میں بنیادی سکیل 16 کے آفس سپرینٹنڈنٹس کی تینوں آسامیاں ختم کر کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) بنیادی سکیل 17 کی تین آسامیاں قائم کی گئی ہیں ان میں گرڈ اسسٹم کنسٹرکشن (جی ایس سی) ڈائریکٹوریٹ میپکو، ایم اینڈ ٹی I اور ایم اینڈ ٹی II ڈائریکٹوریٹس میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) کی نئی آسامیاں شامل ہیں۔

## اطلاعات / اعلانات

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے ریونیو آفیسر / انسٹرکٹر ریجنل ٹریننگ سنٹر فخر عمران شاہ نے پروموشن امتحان میں ملک بھر میں اول پوزیشن حاصل کر لی۔ واپڈا امتحانات مرکز لاہور کی جانب سے جاری ہونے والے رزلٹ نوٹیفیکیشن کے مطابق ریونیو آفیسر بنیادی سکیل 17 سے ڈپٹی کمرشل منیجر بنیادی سکیل 18 کے عہدے پر ترقی کے امتحان 25 تا 27 جنوری 2021ء لاہور میں منعقد ہوئے جس میں فخر عمران شاہ نے ملک بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اتھارٹی نے 105 ملازمین کو اپنی اور بیٹیوں کی شادی کے لئے میرج گرانٹ دینے کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری سے میپکو ہیڈ کوارٹر سمیت ریجن بھر کے ملازمین میں 84 لاکھ 80 ہزار روپے میرج گرانٹ دی جائے گی جو 80 ہزار روپے فی کس کے حساب سے تقسیم کی گئی۔

# محنتی افسران اور ملازمین کمپنی کا قیمتی اثاثہ ہیں، چیف ایگزیکٹو آفیسر محسن رضا خان

### کام کی لگن رکھنے والے محنتی ملازمین کی حوصلہ افزائی ان کا حق اور انتظامیہ کا اولین فرض ہے

### وزارت توانائی کے احکامات کی روشنی میں میپکو ریجن میں جزاوسزا کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے

### میپکو ہیڈکوارٹر میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران میں منعقدہ تقریب تقسیم اسناد سے خطاب

محنتی ملازمین کی حوصلہ افزائی ان کا حق اور انتظامیہ کا اولین فرض ہے۔ میپکو انتظامیہ اپنے اس فرض کو بخوبی ادا کر رہی ہے اور یہ سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔ یہ بات چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر محسن رضا خان نے میپکو ہیڈکوارٹر میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران میں منعقدہ تقریب تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے کہی چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کہا کہ وزارت توانائی کے احکامات کی روشنی میں میپکو ریجن میں جزاوسزا کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے جس کے تحت اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے۔ انہوں نے میپکو ریجن کے 43 افسران میں اسناد تقسیم کیں ان میں ڈائریکٹر ایچ آر ایم وقاص مسعود چغتائی، پراجیکٹ ڈائریکٹر کنسٹرکشن رانا محمد ایوب، پراجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی شاہد نعیم چیمہ، منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس اقبال منور، ڈپٹی ڈائریکٹر ایچ آر ایم محمد وجاہت بُچہ، ڈپٹی ڈائریکٹر انکوائریز وقار شاہ، ڈپٹی منیجر کارپوریٹ پلاننگ اینڈ کنٹرول راؤ ساجد علی، ایڈیشنل ڈپٹی ڈائریکٹر کنسولیڈیشن نجیب افضل، ایس ای وہاڑی سرکل الطاف قادر، ایس ای خانیوال سرکل ظفر علی عباسی، ڈی سی ایم بہاولنگر سرکل فرحان نصیر، ایکسین سٹی ملتان خالد حسین، آر او علی پور ڈویژن شفقت ندیم، ایکسین لیہ ڈویژن بلال خان، ایکسین علی پور ڈویژن یعقوب احمد، ایس ڈی او نیو ملتان سب ڈویژن چوہدری تنویر اختر، ایس ڈی او جامپور سب ڈویژن رانا اشتیاق، ایس ڈی او سردار پور جھنڈیر سب ڈویژن سردار امیر عباس، ایس ڈی او چنی گوٹھ سب ڈویژن بلاول قادر، ایس ڈی او کسووال سب ڈویژن مسب علی، ایس ڈی او سیٹلائیٹ ٹاؤن سب ڈویژن رحیم یار خان محمد یوسف، ایس ڈی او خیر پور سادات سب ڈویژن محمد عمران، ایس ڈی او سیکنڈ سب ڈویژن ڈاہرانوالہ ظفر اقبال، ایس ڈی او سیکنڈ سب ڈویژن میاں چنوں کامران الیاس، ایکسین ٹی اینڈ جی عمران حسین بخاری، ایڈیشنل ایکسین انسپکشن جی ایس سی محمد سعید ضیاء، ایڈیشنل ایکسین ٹی ایل سی غلام محی الدین، ایس ڈی او ولایت آباد سب ڈویژن بابر علی، اسسٹنٹ منیجر (پروکیورمنٹ) پی ایم یو حارث نذیر صدیقی، ایکسین پی اینڈ آئی ساہیوال سیف اللہ، ایکسین ایس ایس اینڈ ٹی ملتان میاں اظہر اقبال، اسسٹنٹ منیجر (پی اینڈ آئی) ساہیوال ظفریاب حسن، اسسٹنٹ منیجر (ٹی) حاصل پور محمد اشرف، ایڈیشنل ایکسین مینٹی نینس ڈی جی خان عبیداللہ کھوسہ، اسسٹنٹ انجینئر (ٹی) ڈی جی خان عزیز اللہ شاہ، اسسٹنٹ انجینئر (پی اینڈ آئی) ڈی جی خان الٰہی بخش، ایکسین کنسٹرکشن ڈویژن ڈی جی خان عمران مجید، ایکسین کنسٹرکشن ڈویژن وہاڑی محسن نذیر کھوسہ، ایس ڈی او کنسٹرکشن چشتیاں محمد عامر الیاس، ایس ڈی او سیکنڈ کنسٹرکشن ساہیوال قیصر شہزاد، ایکسین ایم اینڈ ٹی ڈویژن ساہیوال ذوالفقار علی اور ایکسین ایم اینڈ ٹی ڈویژن ڈی جی خان شیراز غفور شامل ہیں۔




چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر محسن رضا خان بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران میں سرٹیفکیٹس تقسیم کر رہے ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن نصر حیات میکن، جنرل منیجر ٹیکنیکل شفیق الحسن، جنرل منیجر کسٹمر سروسز عرفان میمن، چیف انجینئر زعبدالرحیم سومرو، نور احمد سومرو، سید خالد علی چشتی، عطرت حسین، رانا محمد ایوب بھی موجود ہیں

# ترقی / تعیناتی



ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اتھارٹی نے تعیناتی کے منتظر چیف انجینئر صدیق اللہ خان کو خالی آسامی پر چیف انجینئر (او اینڈ ایم) ٹی اینڈ جی میپکو ہیڈکوارٹر ملتان تعینات کر دیا ہے۔ انجینئر صدیق اللہ خان نے چیف انجینئر (او اینڈ ایم) ٹی اینڈ جی کے عہدے کی ذمہ داریاں سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے۔

---

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) انتظامیہ نے پروموشن بورڈ کی منظوری سے ایم ایس سی تعلیم کے حامل ملتان کے 2 ایس ڈی اوز کو ایگزیکٹو انجینئرز / سینئر انجینئرز کے عہدے پر ترقی دیدی ہے۔ ایس ڈی او ولایت آباد سب ڈویژن ملتان چوہدری بابر علی سرور کو ترقی دیکر ڈپٹی ڈائریکٹر انسپکشن جی ایس سی ڈائریکٹوریٹ میپکو ملتان تعینات کیا ہے جبکہ ایس ڈی او انڈسٹریل اسٹیٹ سب ڈویژن ریحان علی چوہان کو بھی ایگزیکٹو انجینئر کے عہدے پر ترقی دیکر میپکو ہیڈکوارٹر رپورٹ کرنے کی ہدایت کی ہے۔

---

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اتھارٹی نے پروموشن بورڈ کی منظوری سے 11 میٹر ریڈرز کو میٹر سپروائزر II کے عہدے پر ترقی دے دی ہے اور انہیں خالی آسامیوں پر تعینات کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ ترقی پانے والے میٹر ریڈرز میں عبدالسمیع خالد (راجن پور سب ڈویژن)، غلام یاسین (اقبال آباد سب ڈویژن رحیم یار خان)، راؤ عبدالسمیع (مدرسہ سب ڈویژن بہاولنگر) محسن علی زیدی (سول لائن سب ڈویژن ساہیوال)، سید اطہر عباس (حسن پروانہ سب ڈویژن ملتان)، عمر دراز شکیل (الفرید سب ڈویژن پاکپتن)، شفقت فرید خان (بونگا حیات سب ڈویژن ساہیوال)، ریاض احمد (خیر پور سادات سب ڈویژن علی پور)، بختاور حسین (فرسٹ سب ڈویژن لیہ)، ممتاز حسین (چوٹی سب ڈویژن ڈی جی خان) اور گوہر جمشید (عارفوالہ سب ڈویژن) شامل ہیں۔

---

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اتھارٹی نے پروموشن بورڈ کی منظوری سے لائن مین فرسٹ عہدے کے 29 ملازمین کو لائن فورمین سیکنڈ کے عہدے پر ترقی دے دی ہے اور انہیں خالی آسامیوں پر تعینات کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ ترقی پانے والے لائن مینوں میں منور حسین شاہد (بغداد الجدید سب ڈویژن بہاولپور)، شبیر حسین، محمد شفیع (حسن آباد سب ڈویژن ملتان)، حبیب اللہ، محبوب احمد (کنسٹرکشن سب ڈویژن مظفرگڑھ)، شبیر احمد (سیکنڈ سب ڈویژن مظفرگڑھ)، ظفر علی (رحیم آباد سب ڈویژن صادق آباد)، عبدالرشید (رورل سب ڈویژن خانپور)، افتخار احمد (فرسٹ کنسٹرکشن سب ڈویژن ملتان)، شفیق احمد، عنایت حسین (سیکنڈ سب ڈویژن لیہ)، جاوید اقبال (کروڑ لعل عیسن سب ڈویژن)، منور حسین (علی پور سب ڈویژن)، عبدالعلیم (سیکنڈ سب ڈویژن کوٹ ادو)، محمد افضل (سیکنڈ سب ڈویژن کوٹ ادو)، محمد یوسف (ہیڈ راجکاں سب ڈویژن)، نعیم اختر (بستی ملوک سب ڈویژن)، محمد سلیم (حاصل پور سب ڈویژن)، مبشر علی (کنسٹرکشن سب ڈویژن لیہ)، نوید اعظم (فرسٹ سب ڈویژن دنیاپور)، ساجد حسین (خانقاہ شریف سب ڈویژن)، منظر عباس (سیٹلائٹ ٹاؤن سب ڈویژن صادق آباد)، محمد ارشاد (فیروزہ سب ڈویژن)، شوکت علی (سٹی سب ڈویژن رحیم یار خان)، محمد اسلم، محمد ممتاز (پاک گیٹ سب ڈویژن)، عبدالرحیم مجاہد (سٹی سب ڈویژن ملتان)، محمد خالد (غلہ منڈی سب ڈویژن ملتان) اور محمد یوسف (ماڈل ٹاؤن سب ڈویژن بہاولپور) شامل ہیں۔

---

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) انتظامیہ نے 8 افسران کی تقرری و تعیناتی کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل کمرشل میپکو ہیڈکوارٹر ملتان سید احسن محی الدین کو جنرل منیجر کسٹمر سروسز میپکو کی ذمہ داریاں تفویض کر دی گئی ہیں ان کے پیشرو جنرل منیجر کسٹمر سروسز محمد عرفان میمن 21 فروری 2021ء کو مدت ملازمت پوری کر کے سروس سے ریٹائر ہو گئے ہیں۔ ایکسین ایم اینڈ ٹی میپکو سرکل ڈی جی خان محمد شیراز غفور کو ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل میپکو سرکل ڈی جی خان اور ایکسین ممتاز علی کلوار کو ایکسین ایم اینڈ ٹی میپکو سرکل ڈی جی خان تعینات کیا گیا ہے۔ ڈپٹی منیجر میٹریل مینجمنٹ ریجنل سٹور بہاولپور محمد سلیم کو ڈپٹی منیجر (میٹریل مینجمنٹ) 132KV ویئر ہاؤس ملتان، ڈپٹی منیجر (میٹریل مینجمنٹ) میپکو ریجنل سٹور ملتان خالد حفیظ کو ڈپٹی منیجر میٹریل مینجمنٹ ریجنل سٹور بہاولپور، ایس ڈی او عظیم آباد سب ڈویژن بوریوالہ عمار علی رضا صدیقی کو ایس ڈی او انڈسٹریل اسٹیٹ سب ڈویژن ملتان اور ایس ڈی او سیٹلائٹ ٹاؤن سب ڈویژن صادق آباد محمد یوسف جوتہ کو خالی آسامی پر ایس ڈی او ولایت آباد سب ڈویژن ملتان تعینات کیا گیا ہے۔

# محکمانہ سزائیں

سپر یٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل محمد منور خان نے محکمانہ کیسز کا فیصلہ سناتے ہوئے 11 لائن سپر یٹنڈنٹس کو سزائیں دینے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ پاکستان واپڈا ایمپلائز ای اینڈ ڈی رولز 1978ء کے تحت کاروائی کرتے ہوئے پیراں غائب سب ڈویژن ملتان کے لائن سپر یٹنڈنٹ فرسٹ فرخ شہباز لودھی اور جلال پور پیروالہ سب ڈویژن کے لائن سپر یٹنڈنٹ سیکنڈ محمد امیر خان کے خلاف الزامات ثابت ہونے پر موجودہ سکیل میں ایک، ایک سال کے لئے ایک درجہ کمی کی ہے۔ میپکو کینٹ سب ڈویژن کے لائن سپر یٹنڈنٹ سیکنڈ سید جواد شاہ کی انڈسٹریل اسٹیٹ سب ڈویژن میں تعیناتی کے دوران بننے والے کیس میں الزام ثابت ہونے پر ایک سال کے لئے لائن مین فرسٹ کے عہدے پر تنزلی کردی ہے۔ شاہ رکن عالم سب ڈویژن کے لائن سپر یٹنڈنٹ فرسٹ غلام عباس، انڈسٹریل اسٹیٹ سب ڈویژن کے لائن سپر یٹنڈنٹ فرسٹ فیصل وحید، غلہ منڈی سب ڈویژن کے لائن سپر یٹنڈنٹ سیکنڈ محمد لطیف احمد، جلال پور پیروالہ سب ڈویژن کے میٹر سپر وائزر سیکنڈ اظہر حسین، منظور آباد سب ڈویژن کے لائن سپر یٹنڈنٹ سیکنڈ محمد اجمل کی نیوملتان سب ڈویژن میں تعیناتی کے دوران بننے والے کیس میں ایک، ایک سال کے لئے ایک سالانہ انکریمنٹس روکی گئی ہیں جبکہ جلال پور پیروالہ سب ڈویژن کے لائن سپر یٹنڈنٹ سیکنڈ محمد صفدر اقبال، واپڈا ٹاؤن سب ڈویژن ملتان کے لائن سپر یٹنڈنٹ فرسٹ محمود احمد اور نواں شہر سب ڈویژن کے لائن سپر یٹنڈنٹ فرسٹ راشد محمود کی دو مختلف کیسز میں دو سال کے لئے دو، دو سالانہ انکریمنٹس روک دی ہیں۔

---

سپر یٹنڈنگ انجینئر میپکو وہاڑی سرکل الطاف قادر نے محکمانہ کیسز کا فیصلہ سناتے ہوئے 5 ملازمین کو سزائیں دینے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ پاکستان واپڈا ایمپلائز ای اینڈ ڈی رولز 1978ء کے تحت کاروائی کرتے ہوئے وہاڑی ڈویژن میں تعینات ٹریسر امتیاز حسین کی بطور اسسٹنٹ ڈرافٹسمین میلسی ڈویژن میں تعیناتی کے دوران بننے والے کیس میں الزام ثابت ہونے پر کی ایک سال کے لئے ایک سالانہ ترقی روک دی ہے جبکہ فرسٹ سب ڈویژن میلسی کے میٹر ریڈر/ میٹر انسپکٹر رستم علی کی سیکنڈ سب ڈویژن میلسی میں تعیناتی کے دوران بننے والے ایک کیس میں الزام ثابت ہونے پر کی ایک سال کے لئے ایک سالانہ ترقی روکی گئی ہے اور دوسرے کیس میں ایک سال کے لئے ایک سالانہ انکریمنٹ روکی گئی ہے۔ سردار پور جھنڈیر سب ڈویژن میلسی کے لائن سپر یٹنڈنٹ II ساجد علی کی حاجی شیر سب ڈویژن بوریوالہ تعیناتی کے دوران بننے والے کیس میں، خانیوال سرکل کے قائمقام لائن سپر یٹنڈنٹ ناصر محمود کی ٹبہ سلطان پور سب ڈویژن میلسی میں تعیناتی کے دوران بننے والے کیس میں الزام ثابت ہونے پر ایک، ایک سال کے لئے ایک سالانہ انکریمنٹس روکدی ہیں۔




ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کا
انقلابی قدم
نئے بجلی کنکشن کا آسان حصول
دفاتر کے چکروں سے نجات
میپکو ریجن کے زیرِ انتظام جنوبی پنجاب کے 13 اضلاع میں صارفین کی سہولت کے لئے
نئے بجلی کنکشنوں کا آن لائن اجراء کر دیا گیا ہے
اب صارفین گھر بیٹھے ایک کلک (Click) پر نئے بجلی کنکشن کے لئے درخواست دے سکتے ہیں
گھریلو، کمرشل، ٹیوب ویل اور صنعتی صارفین کم سے کم وقت میں نئے کنکشنز کی آن لائن سہولت سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں
صارفین آن لائن کنکشنوں کے حصول کے لئے
www.mepco.com.pk | www.enc.com پر جائیں
کسی بھی معلومات کے لئے اپنے بلوں پر درج
متعلقہ ایس ڈی او، ایکسین، ایس ای کے ٹیلی فون نمبرز / موبائل نمبرز یا میپکو ہیڈ کوارٹر کے وٹس ایپ
0330-6199992 پر رابطہ کریں
MEPCO
ENLIGHTENING LIVES